علی ابنة اختها یعنی عورت کو پہوپہی اور خالہ پر یا بہتیجی اور بہانجی اوسکی پر
نکاح نکرو اون عورتون مین جمع حرام کیا ہی ضابطہ اوسکا یہ ہی کہ دو عورتین ایسی ہون
کہ جو اونمین سی ایک مرد قرار دیا جاوی اور دوسری ایسی ہی عورت تو اون کی درمیان
نکاح حرام ہو جیسی جورو کی پہوپہی اور بہتیجی ہون اگر پہوپہی کو مرد قرار دین تو چچا ہو جاتی
اور چچا بہتیجی مین نکاح نا درست ہی اور ایسی ہی اگر بہتیجی کو مرد قرار دین تو بہتیجا ہو جاوی اور پہوپہی
بہتیجی مین نکاح نہین جیسی دو بہنونکا بہی حال یہی ہی اور اگر ایک جانب سی حرمت
ثابت ہو تو جمع نکاح مین درست ہی جیسی عورت کی خاوند کی بیٹی ساتھ عورت کی
پس اس لڑکی کو بیٹا فرض کرین تو عورت اوسکی ما ہوتی ہی یہ راہ حرمت کی ہی اور اگر
عورت کو باپ فرض کرین اور اوسکو بیٹی تو یہ راہ جواز نکاح کی ہی کیونکہ بیٹی صلبی
نہین ہی آخر کو حرام فرمایا نکاح سی عورت یعنی ایک کی نکاح مین ہو تو ہر کسی کو اوس سی نکاح
حرام ہی مگر یہ کہ اپنی ملک ہو جاوین اسکی صورت یہ کہ کافر مرد اور عورتین نکاح تہا وہ عورت
قید مین آئی جسکو پہنچی اوسکو حلال ہی اور یہ جو فرمایا کہ عورتین تمہاری بیٹیون کی جو تمہاری
پشت سی ہین یعنی لی پالک کو بیٹا نہ جانو کسی حکم مین وہ بیٹا نہین [illegible] فرمائی

زینب زید کی بی بی سی جب زید نی کہ حضرت نی اونکو بیٹا کہا تہا اونکو طلاق دی لیکن فقط منہ بولی
بیٹوں اور پوتوں کی عورت البتہ حرام ہی اگرچہ وہ اوسکی پشت سی نہین ہی جیسی پرپوتا اور پرنواسا اور لی پالک
نہین تفسیر احمدی مین ہے کہ عورت کی بیٹی کی جورو سی کہ دوسرے خاوند سی ہو بطور مرتبہ کے نکاح
حلال ہی اور جب یہ لا یحل لکم ان ترثوا النساء کرھا اوتری لوگون نی کہا کہ
مورثون کی عورتون پر کرہا وارث ہونگی پر اونکی رغبت سی خطبہ کر کی نکاح کرین تو کرین کی بعد
اس سی یہی منع فرمایا کہ نکاح مین نہ لاؤ جن عورتون کو نکاح مین لائی تمہاری باپ نکاح سی مراد
وطی رہی اس سی معلوم ہوا کہ باپ کی سب موطوءہ حرام ہین منکوحہ ہون یا ملک یمین کی ہون یا مزنیہ
اسی پر ہین بہت مفسر اور بعضون نی کہا ہی کہ حقیقۃً نکاح مراد ہی اس سی شافعی باپ کی مزنیہ کو بیٹی
حرام نہین جانتی اور جو ممسوسہ باپ کی ہو یا ماسہ یا وہ عورت کہ جسکی فرج کو اسکی باپ نی شہوت سی
دیکہا ہو وہ بہی ہماری نزدیک حرام ہی پر شافعی کی نزدیک نہین اور الا ما قد سلف کی معنی
مدارک مین ہی کہ لوگ سبب محبت کی جانتی تہی تہا باپ کی عورت کی حرمت اور دو بہنون کی جمع کی
حرمت نہین جانتی تہی اس لئی ان دو مقامون مین لفظ ارشاد فرمائی یعنی الا ما قد سلف کی یعنی اس معنی
اعلام کیا تو موجب نہین ہے اور الا ما ملکت ایمانکم سی یہ مراد کہ سب والی عورتین حرام
ہین مگر وہ عورتین کہ تمہاری ملک یمین مین ہون اس شرط کہ دار الحرب سی بدون ان کی زوج کی نکال لائی
ہون وہ حلال ہین کیونکہ تباین دار سی فرقت ہوئی پس واسطی اپنی ملک یمین سی استبرا کی بعد
حلال ہی اور شافعی کی نزدیک دار حرب سی پکڑ لاوین وہ حلال ہین جنکا ازواج اونکی ساتہ
ہون یا نہون کیونکہ اونکی نزدیک جیسی نکاح حیا ناریستانہ دار کی بیاہی اونکی تحلیل مین
نہ لاینگی ان آیات سی معلوم ہوا کہ باپ اور دادا کی عورتین ماں کی جانب سی
باپ کی جانب سی ... اور رضاعی حرام ہین ... [illegible]

زنا سی ہو وہ حل نہین کیونکہ وہ شرعا اوسکی نہین ہی بدلیل ہذہ ملنی کی حسب اسمین داخل ہی
بعدالکم ما وراء ذالکم کی بحث مین داخل ہوئی اور جسنی اوسکو حرام ہونا دانا وہ کہتا ہے
کہ وہ حقیقت مین بیٹی ہی احکام کی اتفاع سی خارج نہین ہوتی اور بھائی اور خالائین
مین وہ شامل ہین کہ جسی جدا اور جدّہ کی جنا ہو ماں کیطرف سی ہو یا باپ کیطرف سی اور بنات
الاخ اور بنات الاخت مین جسکو بھائی اور بہن نے جنا ہو داخل اور اخوات رضاعی
جو دودہ پلاوی ۔ اوسکی باپ کو دودہ پلاوے اور اوسکی مرضعہ کو دودہ پلا وہ داخل ہی
اور حلیلہ ابن مین موطوۃ اوسکی بہی داخل ہی اور ماملکت عموم سی بعضون دلیل پکڑی
کہ انتقال ملک کا نکاح کو قطع کرتا ہی **قولہ تعالی** والمحصنات من المؤمنات
والمحصنات من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم اذا اتیتموهن اجورهن محصنین
غیر مسافحین ولا متخذی اخدان **ف** یعنی حلال ہوئین قیدوالی عورتین مسلمان
اور قیدوالی عورتین پہلی کتاب والون کی جبکہ دو اونکی مہر مین لانیکو قید مین نکالنی
اور یہ نہ چہپی آشنائی کرنیکو **ف** تفسیر احمدی مین لکہا ہی کہ محصنات سی مراد عورتین عفیفہ مین
یا حرہ پھر کیف یہ قید استحبابی کی لئی ہی کیونکہ مسلمان لونڈیا غیر عفیفہ اور کتابی لونڈیا غیر عفیفہ جائز
ہی اور مہر دینی کی بہی قید شرط حلت کی نہین ہے بلکہ اوسکی وجوب تاکید کی لئی **قولہ تعالی** ومن لم
یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات المؤمنات فمن ما ملکت ایمانکم من فتیاتکم
المؤمنات **ف** اور جو کوئی نہ پاوے تم مین مقدور اسکا کہ نکاح مین لاوے بیبیان مسلمان
تو جو ہاتہ کا مال ہین اسکی تمہارے لونڈیان مسلمان **ف** تفسیر احمدی مین ہی کہ محصنات
مراد حرائر ہین اور طول زیادہ ہونا مال کا اور من فتیاتکم سی یہ مراد ہے کہ مسلمان لونڈی کو
نکاح مین لاوی کیونکہ لونڈی اور مالک مین نکاح نہین ہی لونڈی اپنی کی نکاح حلال نہی

قوله تعالیٰ وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ **ت** اور نکاح میں نہ لاؤ شرک والی عورتیں جبتک ایمان نہ لاویں اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہی کسی شرک والی سے اگرچہ تمکو خوش آوے اور نکاح نہ کرو شرک والونکو جبتک ایمان نہ لاویں اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہی کسی شرک والی سے اگرچہ تمکو خوش آوے **ف** موضح القرآن یعنی اہل اسلام اور کافرمین نسبت ناتا جاری تہا اس آیت سے حرام ٹہرا اگر مرد نے یا عورت نے شرک کیا اونکا نکاح ٹوٹ گیا اور شرک یہ کہ اللہ کی صفت کسی میں جانے مثلاً کسیکو سمجھے کہ اوسکو ہر بات معلوم ہے یا وہ جو چاہے سو کر سکتا ہے یا ہمارا بہلا اور برا اوسکے اختیار میں ہے یا اللہ کی تعظیم کسی اور پر خرچ کرے مثلاً کسی چیز کو سجدہ کرے یا اوس سے حاجت مانگے اور ... اور نکاح درست ہے اونکو مشرک نہیں فرمایا ... معلوم ہوا کہ مشرک عورتیں مسلمان کو نکاح حرام ہیں جبتک ایمان نہ لاویں

ف ۲ اور ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا سے معلوم ہوا کہ مسلمان عورتکا نکاح مشرک مرد سے جائز نہیں خواہ وہ حر ہو یا غلام اور دلیل ہے کہ یہ عموم آیت ہے ... کا نکاح مسلمان سے حرام جانتے ہیں اور ولامة مومنة خیر من مشرکة سے معلوم ہوا کہ ... مشرکہ کی لونڈی سے نکاح درست ہے کیونکہ جب مشرکہ حرام ہوئی ... اور ولو اعجبتکم سے یہ سمجھا گیا کہ نکاح میں ... ولا تنکحوا المشرکین سے بعضوں نے دلیل پکڑی ہے کہ نکاح میں ولی کا اعتبار ہے ... من خیر من مشرک سے معلوم ہوا کہ غلام کو حرہ سے نکاح ... **قوله تعالیٰ**

الزانی لا ینکح الا زانیة او مشرکة والزانیة لا ینکحها الا زان
او مشرک وحرم ذلک علی المؤمنین ت بدکار نہین نکاح کرتا
مگر عورت بدکار یا شریک والی اور بدکار عورت کو بیاہ نہین لیتا مگر بدکار مرد
یا شریک والا اور یہ حرام ہوا ایمان والون پر ف موضح القرآن مین ہی کہ
مرد اگر بدکار ہو تو عورت پارسا نہ بیاہ لاوی اور اگر نیک ہو تو عورت بدکار نہ لاوی
دو واسطی ایک یہ کہ اوسکا کفو نہین اوسکو عار ہی دوسرے یہ کہ ایک سی دوسری کو علت
نہ لگ جاوی لیکن اگر کری تو درست ہے مگر مرد کو بدکار عورت درست نہین جب تک
بدکاری کرتی رہی اور اگر توبہ کری تو درست ہے اور تفسیر احمدیہ مین ہے کہ لا ینکح
مین دو قراءة ہین رفع اور جزم اول صورت مین ظاہر النفی اور معنی نہی اور دوسرے صورت مین
نہی یقینی ہی اس صورت مین یہ آیہ وانکحوا الایامی منکم سی منسوخ ہی کیونکہ
ایامی شامل ہی بدکار اور پارسا کو بالاجماع منسوخ ہی کیونکہ عورت بدکار کا نکاح
مرد پارسا سی یا برعکس مشروع ہی اسکی موافق ہی ایک روایت سے باب الی
قوله تعالی فانکحوهن باذن اهلهن ت سو اونکا نکاح کرو اونکی لوگون
اذن سی ف مدارک مین ہی کہ اہل سی مراد مالک ہی جو لونڈیان بنفسہ عقد نکاح کرین
تو درست ہے کیونکہ اللہ نی مالک کی اذن کا اعتبار کیا نہ عقد کا اور غلام اور لونڈیکو بحکم مولی کی
شادی کرنی روا نہین آیہ ہماری دلیل ہی اور تفسیر احمدیہ مین ہے کہ یہ مدارک کا قول رد ہی
شافعی پر جو قائل ہین کہ لونڈیکو عقد کرنا درست نہین اور مالک پر جو قائل ہین کہ غلام
کا نکاح مولی کی اذن پر موقوف نہین اس کی وجہ ہی کہ لونڈیکا نکاح اس
مولی کی اذن پر موقوف ہی اور غلام کا نکاح دلالة نص سی باب السمع

باب المحصنٰت قوله تعالیٰ

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ ف اور حلال ہوئین تمکو جو اونکی سوا ہین یون کہ طلب کرو اپنی مال کی بدلی قید مین لانی کو نہ مستی نکالنی کو پہر جو کام مین لائی تم اون عورتون سی اونکو دو اونکا حق جو مقرر ہوئی ف موضح القرآن مین ہی کہ جو عورتین حرام فرمائین اونکی سوا سب حلال کیا بچار شرطین ہی اول یہ کہ طلب کرے یعنی زبان سی ایجاب و قبول دوسری یہ کہ مال دینا قبول کرے یعنی مہر تیسری یہ کہ قید مین لانی کی طرح ہو مستی کی نکالنی کو نہو ہمیشہ کو وہ عورت اس کی ہو جاوے اسکی چہوڑی بغیر نہ چہوٹی یعنی متعہ نکاح کرے اور کہ چند روز تک اس سی متعہ حرام ٹہرا یہی شرط سورۂ مائدہ مین فرمائی اور یہان بی لونڈیون کے نکاح مین کی فرمائی ہی کہ چہپی یاری نہو یعنی لوگ شاہد ہون کم سی کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت پہر فرمایا کہ جو عورت کام مین آئی اوسکا مہر پورا دینا پڑا کام مین آئی یعنی صحبت ہوئی یا خلوت ہوئی اب کسی طرح مہر نہین چہوٹتا اور جبتک کام مین نہین آئی تو اگر چہوڑی تو آدہا مہر دو اور اگر عورت ایسا کام کرے کہ نکاح ٹوٹ جاوے تو سب مہر اوتر گیا اور تفسیر حسینی مین ہی کہ اسکی مفہوم یوجہا گیا کہ محرمات مذکورہ کی سوا اور حلال ہین حالانکہ عورتین مشرکہ اور غلام اپنی بی بی پر حرام اسی سی النساء سی مومنات اور یحل سی حل حرم ادیتی ہین اور جو بہی عورت کی عدت مین پانچوین عورت کی حرام ہی اور لونڈی جو پا اوسکی عدت مین اور عورت حامل قید آئی ہوئی اور وہ عورت اوسکی حمل کا ثابت ہو ... جا حمل ثابت ... حلال ... جو بہی عورت کی ... ہوئی یا حمل ...

ہو محرمات رضاعی کی اور پھوپھی اور بھتیجی اور خالہ اور بھانجی کی جمع کرنے کی حرمت
حدیث سی ثابت ہی اور تبتغوا باموالکم سی معلوم ہوا کہ نکاح بے مہر نہین ہوتا
اور مہر واجب ہی گو مقرر نہوا ہو اور مال کی سوا اور چیز مہر نہی صاحب [illegible] ہی
قلیل کو مقصود نہیں کہی کیونکہ [illegible] واحد عادۃ مال نہین ہی اور لفظ من کی جو ہمنی [illegible]
ہی بعضی اوسکو تبعیضیہ کہتی ہی اور بعضی بیانیہ یہ آیہ اسپر ہونا اولی ہی اس صورت مین
دلیل ہی کہ مہر خلوت صحیحہ سی متاکد ہوتا ہی یہی ہی مذہب ہمارا اور قاضی نی کہا
کہ آیہ متعہ کی حق مین اتری ہین اوسکا حکم رہا جب تلک فتح ہوا یہ حکم منسوخ ہوا چنانچہ
مروی ہی حضرت نی متعہ مباح کیا تہا پہر صبح کو کہتی ہوئی کہ ای لوگو مین نی تمکو متعہ کا
حکم دیا تہا خبردار ہو کہ اللہ نی اوسکو قیامت تک حرام کر دیا اور متعہ کہتی ہین ایک
معلوم تک نکاح کر دینی کو کیونکہ اوس مین غرض یہی عورت سی متمتع ہونا اور عورت کو
اپنی مال سی متمتع کرنا ابن عباس نی جائز کہا تہا پہر رجوع کیا اسکی حدیث کی طرف
اور [illegible] کہ ان تبتغوا باموالکم دلیل ہی ابو حنیفہ کی نزدیک آزاد کرنا یا [illegible]
مہر ہونا درست نہین کیونکہ آیہ دلیل ہی کہ مہر مال ہو اور آزاد کرنا یا تعلیم مال نہین ہی [illegible]
کہ جو شراب یا سور کو مہر مقرر کری تو مہر نہین ہی **قوله تعالى** قد علمنا ما فرضنا
عليهم في أزواجهم وما ملكت أيمانهم **ف** ہمکو معلوم ہی
جو ٹھرا دیا ہمنی اونپر اونکی عورتون مین اور اونکی ہاتھ کی مال مین **ف**
تفسیر احمدی مین ہی کہ یہ دلیل ہی شافعی پر جو قائل ہین کہ مہر اللہ کی نزدیک [illegible] غیر
مقدر ہی اوسکا اندازہ زوج کی رای پر ہی اور ہمارے نزدیک [illegible]
کہ حکم مہر کی باب مین ہی اور فرض تقدیر کو کہتی ہین [illegible] کی طرف سی [illegible]

[illegible]

سی معلوم ہوا کہ وہ مقدار شرعی ہی اللہ کی نزدیک سی پہر اوس مقدار مجمل
کو حضرت نی بیان فرمایا کہ لا اقل من عشرۃ دراہم یعنی دس درم سی کم نہین ہی
اس سی معلوم ہوا کہ زیادہ کرنا احسان ہی اور کمی منع ہی جیسی کہ شافعی کہتی ہین
کہ جو بیع مین قیمت ہو سکی وہ نکاح مین ہو سکتا ہی تہوڑا ہو یا بہت **ف ۲**

قوله تعالی قَالَ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ
هَاتَيْنِ عَلَىٰ أَن تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ
عِندِكَ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ
مِنَ الصَّالِحِينَ قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ
قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ وَاللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ

ت کہا مین چاہتا ہون کہ بیاہ دون تجکو ایک بیٹی اپنی ان دونون مین سے
اسپر کہ تو میری نوکری کری آٹھ برس پہر اگر تو پوری کری دس تو تیری طرف سی
اور مین نہین چاہتا کہ تجہہ پر تکلیف ڈالون تو آگی پاویگا مجہکو اگر اللہ نی چاہا
نیک بختون سی بولا یہ وعدہ ہوا میری تیری بیچ جون سی مدت ان دونون مین
پوری کرون سو زیادتی نہو مجہہ پر اور اللہ پہ بہروسا ہی اوس بات کا جو ہم کہتی ہین **ف**
تفسیر احمدی مین ہی کہ مشہور یہ ہی کہ تاجرنی سی بکری چرانا مراد ہی اس سی معلوم ہوا
کہ شعیب نی بکری چرانا اپنی لڑکی کا مہر کیا تہا اور تفسیر انکار کی اسکا ذکر
قرآن مین فرمایا لائق ہی کہ ہماری شریعت [illegible] نقل کیا
تو پہر ایک صورت [illegible]
[illegible]

خدمت کی قیمت ہی او جو غلام اپنی مالک کی حکم سی ایک حرہ سی شادی کری اس پہ
کہ خدمت کری یا بکریی چراوی تو مذکور مہر ہوگا بعد اسکی کہا ہی کہ اس قصہ سی جسطرح
شبانی کا مہر ہونا بوجہا جاتا ہی ویسی ہی باپ کو مہر لینا اور اقتطاع مستقل سی نکاح
ہوتا ہی اور مہر اور منکوحہ کا مجہول ہونا ہی معلوم ہوتا ہی پر شبانی کی مہر ہونیکی
سوا اور ہماری شریعت کی موافق نہیں ہی اور حسینی سی لکہا ہی کہ سلوی بکریی چرانیکی
اور منافع مہر نہیں ہوسکتی ہین ہماری نزدیک بخلاف شافعی کی لیکن صاحب
کشاف نی حکم کیا کہ ابوحنیفہ کی نزدیک بہی اسمین شبانی مہر ہوسکتی **فصل** متعہ
بیان مین **قوله تعالی** لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّو
هُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ
قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ
مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ
إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَأَنْ تَعْفُوا
أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ
بَصِيرٌ **ف** گناہ نہیں ... تم پر اگر طلاق دو عورتون کو جبتک نہ
کہ اون کو ہاتھ لگایا ہو یا مقرر کیا ہو اونکا کچھ حق اور اون کو خرچ دو
وسعت والی پر اوسکی موافق ہی اور تنگی والی پر اوسکی موافق جو خرچ
دستور ہی لازم ہی نیکی والون کو اور اگر طلاق دو اونکو ہاتھ لگانی
سی پہلی اور ٹہرا چکی ہو اونکا حق تو لازم ہو آدہا جو کچھ ٹہرایا مگر یہ کہ درگذر کریں
عورتیں یا درگذر کرین جسکی ہاتھ گرہ ہی نکاح کی اور تم مرد درگذر کرو تو قریب ہی

اور نہ بہلا دو بڑائی کہنی آپس مین تحقیق اللہ جو کرتی ہو سو دیکہتا ہی ف موضح القرآن مین ہے

کہ اگر کسی نے کسو وقت مہر کہنی مین نہ آیا تو بہی نکاح درست ہے مہر پیچہی ٹہرے گا پہر اگر بن ہاتہہ

لگائی عورت کو طلاق دے تو مہر کچہہ لازم نہ آیا لیکن کچہہ خرچ دینا ضرور ہی خرچ کہا کہ ایک

جوڑا پوشاک کا موافق اپنے حال کے اور اگر مہر ٹہر چکا تہا پہر بن ہاتہہ لگائی طلاق دے تو آدہا مہر لازم

ہوا اگر عورتین درگذرین کہ بالکل چہوڑ دین یا مرد درگذری جو دے چکا تہا کیونکہ اللہ نے

بڑائی مرد ہی کو [illegible] اور اسکو اختیار تہا نکاح رکہنی اور توڑنی کا تو اپنی بڑائی رکہی فائدہ

چار صورتین ہو سکتی ہین یہان دو حکم فرمائی ایک یہ کہ مہر نہ ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگانی سے

طلاق دی تہی دوسری یہ کہ مہر ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگانی سی پہلی طلاق دی اور دو صورتین باقی رہین

ایک یہ کہ مہر ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگا کر طلاق دی تو پورا مہر لازم ہے سورہ نسا مین ذکر ہی

دوسری یہ کہ مہر نہ ٹہرا تہا اور ہاتہہ لگا کر طلاق دی اسمین مہر مثل پورا دینا چاہئی یعنی جتنا مہر

عورت کی قوم مین ہوتا ہی اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتہہ لگایا ف اور اکلیل مین ہی

حقا علی المحسنین سی متعہ مستحب کیا اور [illegible] واجبا اور فنصف ما

فرضتم سی معلوم ہوا کہ عورت بغیر دخول کی مہر کی مالک ہوتی اور جو عورت نصف

مفروض [illegible] زوج کو اوس نصف مین رجوع پہنچتا ہی بلکہ دوسری نصف

اور الا ان یعفون سی معلوم ہوا [illegible]

یعفو الذی بیدہ عقدۃ النکاح کو [illegible]

[illegible] اور ابن عباس [illegible] کی تفسیر [illegible]

کی دلیل پکڑی کہ جو ولی [illegible] معاف کرنا جائز ہی [illegible]

کی نہی پائی کی وان تعفوا اقرب للتقوی مین [illegible]

عورتوں کے عوض اولی ہے آیت میں دلیل ہے کہ مہر بخشنا عادت تھی عورتوں میں ہو یا دین ...
ہو یا نہ ہو **فصل** مومن کے نکاح کا بیان ہے **قولہ تعالیٰ** وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنْكُمْ
وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ
يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ **ت** اور بیاہ دو رانڈوں کو
اپنی اندر اور جو نیک ہوں تمہاری غلام اور لونڈیاں اگر وہ ہوں گی مفلس اللہ ان کو
غنی کریگا اپنی فضل سے اور اللہ سمائی والا ہے سب جانتا **ف** تفسیر احمدیہ میں ہے کہ
ایامی کا جمع ایم کی ایم کہتی ہیں مرد بے عورت کو اور عورت بے مرد کو
انکحوا صیغہ ایامی کے متعلق ہو تو خطاب اولیا کی طرف ہے اور جب والصالحین کی
ہو تو خطاب مالکوں کی طرف ... صاحب ... نے کہا ہے کہ یہ امر ندب کے لئی ہے اور حنفیہ
ولی سی نکاح کی خواہان ہو تو وجوب کی لئی ہے **ف باب العدل**
قولہ تعالیٰ وَلَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا
تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ **ت** اور تم ہر گز برابر نہ رکھ سکو گی
عورتوں کو اگرچہ اسکا شوق کرو سو نری پھر بھی نجاؤ کہ ڈال رکھو ایک کو جیسی ادھر
لٹکتی **ف** تفسیر احمدیہ میں ہی کہ ان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ سی عدل کی شرط ہونا معلوم ہوا
اور اس آیت میں ... کہا گیا کہ محبت قلبی میں ... شرط نہیں کیونکہ ... ہے کہ جو سب ... کہنا اوس کی
... کیونکہ عدل یہ کسی طرح ظاہر ... ...
... میں خرچ اور کپڑا اور گھر کا عدل کرتی ... فرماتی کہ الٰہی ... عدل ...
... میں کہ جو میری اختیار ہے اور جو اختیار کی باہر ہی یعنی محبت قلبی ...
لئی کہ آپ حضرت عائشہ کو سب سی زیادہ چاہتی اس ... کہ جہانتک ...

اور تکمیل میں ہے کہ صحبت اور تمام باتوں میں عدل کی تکلیف نہیں ہے یہ جو
بیجا ہے کہ بالکل جماع چھوڑ دیوے اول نوبت بخش دینے کا بیان قوله تعالی
وان امرأة خافت من بعلها نشوزا او اعراضا فلا جناح عليهما ان
يصلحا بينهما صلحا ف اگر ایک عورت ڈرے اپنے خاوند کی لڑنے یا جی پھر جانے سے
تو گناہ نہیں دونو پر کہ کر لیں آپس میں کچھ صلح ف تفسیر احمدی میں لکھا ہے کہ
کہا ہے کہ حضرت نے سودہ کی طلاق کا ارادہ کیا اونہوں نے عرض کیا کہ مجھکو رکھئے
کہ قیامت کو آپ کی ازواج میں شمار ہوں میں اپنی نوبت عائشہ کو بخشتی ہوں تب
اور تری اس سے معلوم ہوا کہ جو عورت اپنی سوت کو نوبت اپنی دیدے تو درست ہے
اکثروں کے نزدیک صلح سے یہی مراد ہے اور بعضوں کے نزدیک یہ مراد ہے کہ وہ عورت
کچھ مہر معاف کرے یا سب بخش دیوے اور مدارک میں ہے کہ نشوز سے مراد صحبت نہ کرنی
اور نفقہ نہ دینا اور گالی دینا اور مارنا اور اعراض سے بدخلقی یا اور عورت کی سبب
سے بات اور بیٹھنا کم کرنا اور تکمیل میں ہے کہ اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو اپنا حق بخشنا
روا ہے تو ہو یا اور کچھ اور بعضوں نے دلیل پکڑی ہے کہ عورت کو اپنا حق بیچنا بھی درست ہے

کتاب الرضاع

قوله تعالى والوالدات يرضعن اولادهن حولين كاملين لمن اراد ان يتم الرضاعة ف اور لڑکا
والیاں دودھ پلاویں اپنی لڑکوں کو دو برس پورے جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت
تفسیر احمدی میں ہے کہ یہ خبر امر کے معنی میں ہے اور امر ندب کے لئے ہے کہ لڑکی کا باپ [illegible]
نہیں چاہتا ہے کہ لڑکے کی ماں دودھ پلانی والی نوکر رکھنی [illegible]
[illegible]

اول مختار یہی امام زاہد کا دوسرا صاحب ہدایہ کا اور اوسکی مدت مین علما مختلف ہین ابو حنیفہ ڈہائی برس کہتے ہین سورہ احقاف کی آیہ کی دلیل سے اور صاحبین اور شافعی دو برس کیونکہ اللہ نے حولین کی قید فرمائی ہم کہتے ہین کہ یہ قید اس لئے ہے کہ ماں عذر سے دودہ پلایا دو برس جب ہی اور زیادہ پلانا احسان ہے یا باپ کو دودہ پلانی والی نوکر رکہنا دو ہی برس تک واجب ہے اور زیادہ احسان اس سے یہ نکلا کہ دودہ پلانا دو ہی برس چاہیے زیادہ بچانا ہی اور زفر کی نزدیک تین برس لیکن چونکہ یہ مقام شبہہ کا تہا ابو حنیفہ نے حکم کیا کہ ڈہائی برس جانیے حرمت نکاح کی احتیاط کے لئے کہ جو دودہ پلانی سے ہوتی ہے یعنی جو اس مدت مین دودہ پلایا لڑکی کی ماں ہے اور اوسکا زوج باپ اور اسکی بیٹی بہن اور غیر اوسکی اور **قوله تعالی** وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا **ف** اور حمل مین رہنا اوسکا اور دودہ چہٹانا تیس مہینے مین ہے **ف** تفسیر احمدی مین ہے ہدایہ سے کہ ثلثون شہرا خبر ہے حمل اور فصال دونوں کو یا کہا گیا الحمل ثلثون شہرا اور مدت الفصال ثلثون شہرا اس کے ذکر بیان ہے نوکی اکثر مدت کا لکن جب مدت حمل مین نقصان پایا گیا عائشہ کے قول سے کہ لڑکا دو برس سوا نہین رہتا اور مدت رضاع پایا گیا ابو حنیفہ نے حکم کیا کہ حمل کی اکثر مدت دو برس ہے فصال تیس کی مہینے ہین اور صاحبین اور شافعی کہتے ہین ثلثون شہرا خبر ہے حمل اور فصال کی یعنی مدت حمل و فصال کی تیس مہینے ہین اور چہہ مہینے برس فصال کی مدت ... اولادہن وفصاله فی عامین کی جو باقی ہی یعنی چہہ مہینے وہ حمل کی مدت ... رضاع کی اکثر اور مدت حمل کی اقل کا بیان اسکا جواب پہلی آیہ مین گذرا **ف**

کتاب الطلاق

قوله تعالی اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ **ف** طلاق ہی دو بار تک پہر رکہنا موافق دستور کی ...

ف تفسیر احمدی میں ہی کہ جاہلیت میں طلاق کی گنتی ایک مقرر نہ تھی جو کوئی سو طلاق
دیتا تب بھی رجعت کرسکتا اور جب عدت ہو جاتی رجعت کرتا پھر طلاق دیتا پھر رجعت کرتا
ایک عورت نے آکر عائشہ پاس شکوہ کیا کہ میرے شوہر نے رجعت کی پھر طلاق پھر رجعت
پھر طلاق دی یہ خبر حضرت تک پہنچی تب یہ آیہ ارشاد ہوئی اسکی دو توجیہ ہیں ایک حسینی اور
زاہدی اور بیضاوی اور تلویح میں ہے موافق مذہب شافعی کے کہ طلاق رجعی دو ہیں انہیں عدت کی اندر
رجعت ہے اور بعد اسکی طلاق بائنہ ہے یہ امر خبر کی صیغہ میں دوسری توجیہ ہے صاحب کشاف اور
مدارک اور فخر الاسلام کی موافق مذہب ابو حنیفہ کی یعنی طلاق سے مراد طلاق شرعی طلاق
رجعی و طلاق کے طلاق مشروع یہی کہ دو طلقہ ہوں متفرق ایک دوسری کی بعد نہ یہ کہ
اکٹھا ہوں ایک ہی بار اور مرتین سے تثنیہ نہیں مراد ہے تکرار مراد ہے جیسے ثم ارجع البصر
کرتین میں بھی اسلئے کہ دو طلقہ ایک ہی مرتبہ واقع کرنا خلاف ہے سنت کی اسی واسطے نبی
اللہ نے مرتان فرمایا نہ اثنتان اب ضرور ہی کہ یہ امر ہو خبر کی صیغہ میں ورنہ کذب لازم آتا ہی
اسلئے کہ دو طلقہ اکٹھا بھی کہی جاتی ہیں اور شافعی کی نزدیک دو یا تین طلقہ ارسال
کرنا اکٹھا سنت ہے ف۲ اور اکلیل میں ہے کہ امساک کی لفظ صریح رجعت ہے اور لفظ تسریح
کی صریح طلاق ہے اور فامساک بمعروف سے بعضوں نے دلیل پکڑی کہ رجعت وطی سے ہوتی
قولہ تعالی وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۤءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ
اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا وَمَنْ
يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ت
اور جب طلاق دو تمنی عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک تو رکھ لو انکو دستور سی یا رخصت کرو
اور مت بند کر رکھو انکو ستانیکو تا زیادتی کرو اور جو کوئی یہ کام کری اس نے اپنا برا کیا

اور بہت ٹھرا و حکم اللہ کو ہنسی ف تفسیر احمدیہ میں ہی کہ شافعیہ میں رجعت کا بیان ہی
اور اس بحث میں یہ ہی کہ جو تعریض آیہ وبعولتهن احق بردهن اور اس آیہ کی مابین ہیز
ہی وہ بہو جاوی اس لئی کہ اول آیہ سی معلوم ہوا کہ رجعت عدت میں چاہیی نہ اوسکی بعد
اور یہاں فبلغن اجلهن فامسكوهن سی جانا جاتا ہے کہ بعد اوسکی بہی درست ہے اس لئی
مفسرین نے کہا کہ اجل سی آخر عدت مراد نہ انقضا اوسکا کیونکہ اجل کا اطلاق تمام مدت پر
آخر مدت دونو پر ہوتا ہے تب یہ معنی ہوا کہ جب عورتیں مطلقہ قریب ختم کی پہنچیں تب کہ تو چاہی رجعت کرو

ف قوله تعالى وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ت

اور جب طلاق دی تم نی عورتوں کو پہر پہنچ چکیں اپنی عدت تک تو اب نہ روکو اونکو کہ نکاح کر لیں اپنی
خاوندوں سی جب راضی ہو جاویں آپس میں موافق دستور کی ف تفسیر احمدیہ میں ہے
کہ یہاں اجل سی مراد معنی حقیقی ہیں یعنی تمام عدت اس قرینہ سی کہ نکاح نہیں درست ہے مگر
عدت کی بعد اور اس آیۃ کی کئی توجیہیں ہیں ایک یہ کہ زوج اول سی نکاح مراد ہے اس لئی کہ فلا تعضلوا
ھن خطاب ہے اولیا کو یعنی اپنی ولیوں اونکو مت روکو اپنی خاوندوں سی نکاح کرنی کو
اس صورت میں شرط اور جزا کا ربط یوں ٹھرا کہ فلا تعضلوهن موضوع ہے فلا تعضلوا
اولیاهن کی جگہ ہے اور ازواج کا اطلاق باعتبار ما کان کی ہی دوسری یہ کہ پہلی خاوند
کی سوا اور سی نکاح کرنا مراد ہی اس لئی کہ فلا تعضلوهن خطاب ہے ازواج کو یعنی طلاق
عدت کی بعد اونکو نہ روکو اور ازواج سی نکاح کرنیکو اس صورت میں ازواج کا اطلاق باعتبار
مآل کی ہی اور شرط اور جزا کی ربط میں تاویل نہیں ہی اول مختار ہی مصنف اور اسکو اسی لئی
مقدم کیا اس واسطی کہ شافعی کی نزدیک عورت کی عبارت سی نکاح نہیں ہوتا واسطی ...

ف اور ولا تتخذوا آیات اللہ ہزوا ای مسخرہ ف اور عقلاق ایک ہی کی الفاظ کو ہنسی کجانا چاہیی یہ سبب نکاح کی ہوتی تین کلمے جن سی کا تتخذوا آیات اللہ ہزوا سی دلیل پکڑی ہی کہ ہنسی ٹھٹھے سی طلاق دینا حرام ہی اس میں تفسیر احمدی

یہ ہی کہ خطاب اولیاسی ولیل ہی کہ اپنی نفس کو عورت نکاح نہین کرسکتی کیونکہ اگر ممکن
ہوتا تو ولی کی روکنی کی کیا وجہ ہی اور جواسناد نکاح کی عورتو نکی طرف ہی سو اسلیئی
ہی کہ نکاح اونکی اذن موقوف ہی اور دوسری توجیہ صاحب مدارک نی مختار ہی اس
سی وسی کو مقدم کیا کیونکہ ہماری نزدیک عورت کی عبارتسی نکاح ہو جاتا ہی لیکن روکنی
ہونیکی وجہ یہ ہی کہ جب ازواج مخاطب ہوئی اور ولی کا روکنا معلوم ہوا تو عورتکی
عبارتسی نکاح ہونا درست ہوا اور بعضون نی کہا ہی کہ ازواج اور اولیا دونو کو عموم
خطاب ہی اور بعضون نی کہا کہ سب آدمیونکو خطاب ہی ان صورتونمین ازواج سی مراد
ایک معنی اولین سی ہی اور مین کہتا ہون کہ ازواج لاحق کو خطاب ہوسکتا ہی
اور مدعا یہ کہ ای ازواج لاحق عورتونکو ونکی بعد جو طلاق دو تو مت روکو اونکو پہلی
ازواج سی نکاح کرنی کو

فصل غلیظہ کا بیان ہی **قولہ تعالیٰ** فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّىٰ تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا إِنْ ظَنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ

ف پہر اگر اوسکو طلاق دی تو اب حلال نہین اوسکو وہ عورت اسکی بعد جبتک
نکاح نکری کسی خاوندسی اوسکی سوای پہر اگر وہ شخص اوسکو طلاق دیگا تب گناہ نہین ان دونون
کو پہر مل جاوین اگر خیال کرین کہ ٹہیک رہین گی اللہ کی قاعدی **ف** تفسیر احمدی
کہ اکثر مفسرین نی کہا ہی کہ یہ آیہ متصل الطلاق مرتان سی ہی یعنی جو ایک طلاق
یا دو تو رجعی ہی اور جو بعد اسکی تیسری دی تو مغلظہ اور خلع کی طلاق دونوکی مابین
معترضہ ہی اور [illegible] ان دونوکی مابین [illegible] ہی [illegible] معلوم ہوا کہ خلع طلاق ہی
[illegible] کہا [illegible] کی خلع [illegible]

اس آیہ کی طلاق جو ہنی ہوتی ہی اوسکا جواب یہ ہے کہ طلاق ہماری نزدیک طلاق ہے
بالعوض ہی اور اس آیہ کی طلاق بیان اوسکی ہی یعنی جو اوسکو طلاق بالعوض دے تو اوسکا حکم تحلیل
اور مفسروں نی اور اصولیوں نے ذکر کیا ہی کہ نکاح لغت مین وطی کو کہتی ہین اور یہان حتی تنکح
مین فقط عقد مراد ہے مجازا اس قرینہ سی کہ اوسکی نسبت اوسکی طرف ہے اور وہ وطی کرنی کی صفت
نہین رکہتی اس صورت مین تو یہ ہا گیا کہ فقط عقد کرنا واسطے شرط تحلیل کی ہی یہ سعید بن مسیب نے
٩٣ کفایت کیا اور جمہور نی وطی بہی شرط کی ہی حدیث عسیلہ سی کہ مشہور ہی وہ یون ہی
اور ولا تنکح کی لفظ مین دلیل ہے کہ عورت کی عبارت سے نکاح منعقد ہے چنانچہ اسکا بیان
گذرا انسان سی معلوم ہوا کہ جب عورت دوسرا خاوند کرے پہر اوسکو پہلی کی پاس پہرنا بہتر
درست ہے جبتک دوسرا صحبت نکری اور اگر دوسرا نامرد ہو اور چاہے کہ پہلی کی پاس جاوے
دوسری تفریق کرلیوے پہلی سے نکاح کرے اسی طرح وہ بہی نکاح کرین تا انکہ دوسری سی صحبت
ہو اور عورت کو اور دوسری خاوند کو لائق نہین ہی کہ تحلیل کی نیت سی نکاح کرے
اما نکاح مالک اور اوزاعی اور ابی عبید اور شافعی کی نزدیک فاسد ہی ابو حنیفہ کی
نزدیک جائز ہی بلکہ ایسا اگر جی مین ارادہ تحلیل کا چہپا رہے اور ظاہر نکرے تو بہی کرنا
جائز ہی اور فقط ادخال شرط ہے نہ انزال اور مراہق بہی محلل ہوسکتا ہی بخلاف مالک کی
اور جو لونڈی ایک حر کی نکاح مین ہی اوسنی طلاق غلیظہ دی پہر مولی نے وطی کی یہ تحلیل
نہین ہی **فصل** عورت مخیرہ کی طلاق کا بیان ہی **قولہ تعالیٰ** یا ایہا
النبی قل لازواجک ان کنتن تردن الحیوة الدنیا وزینتہا فتعالین
امتعکن واسرحکن سراحا جمیلا وان کنتن تردن اللہ ورسولہ
والدار الاخرة فان اللہ اعد للمحسنات منکن اجرا عظیما

ف اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتیاں دنیا کا جینا اور یہاں کی رونق تو
آؤ کچھ فائدہ دوں تمکو اور رخصت کروں بھلی طرح سے اور اگر تم چاہتیاں اللہ کو اور اوسکے رسول کو
اور پچھلے گھر کو تو اللہ نے رکھ چھوڑا ہے اونکو جو تم میں نیکی والیاں ہیں نیک ثواب موضح القرآن میں ہے کہ
حضرت کی ازواج نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہوویں بعضوں نے تقاضا کیا
تو حضرت نے قسم کھائی کہ ایک مہینے گھر میں نہ جاؤں پھر مہینے کے بعد یہ آیت اوتری حضرت گھر میں آئے
اول حضرت عائشہ سے کہا اونہوں نے اللہ و رسول کی مرضی اختیار کی پھر اسی طرح سبھی نے اور تفسیر مظہری
میں ہے معلوم ہوا کہ عورت مخیرہ اپنے زوج کو اختیار کرے تو مطلقہ نہیں ہوتی حضرت عائشہ کے قول
سے کہ حضرت نے ہمکو اختیار دیا ہمنے حضرت کو اختیار کیا اور حضرت نے اسکو طلاق نہیں گنا بخلاف
[illegible] و حسن اور مالک اور حضرت علی کے ایک روایت کے کہ اونکے نزدیک ایک طلاق رجعی ہوتی
اور جو اپنے نفس کو اختیار کرے ایک طلاق بائنہ ہوتی اور بخاری اور شافعی کے نزدیک
اگر اپنے زوج کو اختیار کرے نہیں ہوتی مگر اوسی صورت میں کہ جب اپنے نفس کو اختیار کرے تو ہمارے نزدیک بائنہ
ہوگی اور شافعی کے نزدیک رجعی اور متعہ کا ذکر دوسری جگہ ہے یاد رہے کہ [illegible]
ہے اور مہر مقرر نہیں تو واجب ہے فصل طلاق رجعی کا بیان قولہ تعالیٰ یا ایہا
النبی اذا طلقتم النساء فطلقوہن لعدتہن ف اے نبی جب تم طلاق
دو عورتوں کو اونکو طلاق دو اونکی عدت پر ف تفسیر مظہری میں ہے کہ اس آیت سے معلوم
ہوا کہ حیض میں طلاق دینی بدعت ہے اور اوس طہر میں بھی کہ جسمیں جماع ہوا ہو اسلئے کہ فطلقوہن
لعدتہن کے معنے یہ ہیں کہ اونکو طلاق ایسے حال میں دو کہ [illegible]
صورت میں مگر اوس طہر میں [illegible]
[illegible] عدت پوری [illegible]

اور اگر تکلیں تو تین حیض سے زیادہ دے اور جو اوس طہر میں کہ وطی ہوئی طلاق دے تب بھی عدت پوری نہین ہوئی کیونکہ یہ مذہب ہے کہ مطلقہ اگر حاملہ ہے تو حمل کی عدت چاہیے اور جو غیر حاملہ ہے تو اوس صورت معلقہ سے معتدہ خاوند والے اور تکمیل مین ہے بخاری اور مسلم سے کہ فطلقوهن لعدتهن کی تفسیر حضرت نے سطرح کی ہے کہ طلاق دے اوس طہر مین کہ وطی نہوئی ہو اور مسلم کہ حضرت نے پڑہا ہے فطلقوهن قبل عدتهن اور ابن منذر نے کہا کہ اللہ نے اس آیہ سے طلاق مباح کی

باب الرجعة

قولہ تعالی وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَٰلِكَ إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحًا

ف اور باونکی خاوندون کو پہنچتا ہے پہیر لینا اونکا اوسی وقت مین اگر چاہے صلح کرنی

ف یہ ٹکڑا ہے آیہ تربص کا کہ ضمیر راجع ہے مطلقات کیطرف اور ذالک کا مشار الیہ ایام عدت ہے اور احق بردهن کی یہ معنی ہین کہ جن عورتونکو ازواج طلاق رجعی دین او پہر ایام عدۃ مین رجوع کرین اور عورتون کو رجعت سے انکار ہو تو واجب ہے کہ ازواج کی قول کو عورتون کی قول اختیار کرین ازواج حق ہین عورتون سے اور یہ مدعا ہے کہ عورتون کو رجعۃ مین حق ہے تفسیر احمدی مین ہے کہ اس آیہ سے معلوم ہوا کہ طلاق رجعی سے وطی حرام نہین ہوتی کیونکہ اللہ نے طلاق دینے والے کو ازواج نام رکہا اگرچہ احتمال ہے کہ نام باعتبار ما کان کے ہو اس صورت مین وہی شافعی یہ جو قائل ہین کہ رجعۃ قول ہی سے ہوتی نہ وطی سے اور آیۃ مطلق ہے اشہاد کی قید سے اس سے یوچہا گیا کہ رجعت مین گواہ لانا واجب نہین ہے جیسا کہ مذہب مالک کا اور شافعی کا ایک قول مین عنایۃ درجہ یہ کہ مستحب ہے

باب الایلاء

قولہ تعالی

قولہ تعالیٰ لِلَّذِینَ یُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِیمٌ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِیعٌ عَلِیمٌ

ف جو لوگ قسم کہا لیتی ہیں اپنی عورتوں سی انکو فرصت ہی چار مہینی پہر اگر مل گئی تو اللہ بخشنی والا مہربان ہی اگر ٹہرا یا رخصت کرنا تو اللہ سنتا جانتا

ف موضح القرآن میں ہی کہ جسنی قسم کہائی کہ اپنی عورت پاس نجاویگا تو چار مہینی [illegible] جاوی اور قسم کی کفارہ دینی نہیں تو طلاق ٹہری اور تفسیر احمدی میں ہی کہ [illegible] قسم [illegible] اور [illegible] مدت میں زوج کو زوجہ سی صحبت منع ہی

ف اور من نسائهم سی معلوم ہوا کہ لونڈی سی ایلا روا نہیں کیونکہ نسا کا اطلاق انپر نہیں اور صاحب ہدایہ نی تصحیح کی کہ مطلقہ بائنہ سی ایلا نہیں ہی کیونکہ وہ نسا نہیں ہی اور مطلقہ رجعیہ سی ہی کیونکہ اوسمیں زوجیت پائی جاتی ہی وہ نساء میں داخل ہی اور فان فاءو میں ایلا کی حکم کا بیان ہی یعنی رجوع کرلی دونوں یعنی اور حانث ہو تو کفارہ دی اللہ بخشنی والا ہی

ف اور وان عزموا الطلاق سی یہ مراد ہی کہ جو ارادہ طلاق کا کری اور حانث نہو تو مدت کی جاتی ہی یا طلاق بائن ہوتی ہی یہ ہماری نزدیک ہی اور شافعی کہتی ہیں کہ فان فاءو اور ان عزموا الطلاق دونوں متعلق ہیں بعد مضی المدۃ کی یعنی چار مہینی کی بعد عورت کو واجب ہی کہ وطی کا یا طلاق کا مطالبہ کری جو وطی کیطرف رجوع کیا کفارہ واجب ہی اور جو ارادہ طلاق کا کیا تو طلاق ہی اور جو دونوں باز رہی تو قاضی کو تفریق کر دینا واجب ہی یہ توجیہ گو ظاہر میں خوب ہی پر اسمی ہماری [illegible] فان فاءو [illegible] کہ عبد اللہ [illegible] تائید کرتی ہیں [illegible] وان عزموا الطلاق [illegible]

باب الخلع

کہ جو اس عدت میں رجوع نکری تو اوسکی گذرنی کی بعد طلاق ہے

قوله تعالیٰ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ

ت اور تمکو روا نہین کہ لیلیو کچھہ اپنا دیا ہوا عورتون کو مگر وہ کہ دونو ڈرین کہ نہ ٹہیک رکہین گی قاعدی اللہ کی پہر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ نہ ٹہیک رکہین گی قاعدی اللہ کی تو گناہ نہین جو بدلا دی کر چہوٹی عورت

ف مدعا آیہ کا یہ ہی کہ جو مہر دیا اوسکا پہیر لینا کبہی تمکو روا نہین ہی مگر جب ڈر ہو کہ دونو سی موافقت نہوگی مثلاً عورت بدخوئی یا ترک ادب کری یا ناحق خاوند ماری یا گالی دی اس صورت مین جو عورت کچھہ مال دیکر خاوند سی اپنی جان چہڑاوی تو گناہ نہین اسکو شرع مین خلع کہتی ہین اور خلع طلاق بائن ہوتی ہی اور شرط ہی کہ خلع کی لفظ مذکور ہو اسطرح کہ زوج کہی مینی تجہسی خلع کیا ہزار روپیہ پر اور زوجہ نی قبول کیا یا زوجہ کہی کہ تو اتنی پر مجہسی خلع کر لو اور اوسنی قبول کیا اور اگر یہ لفظ مذکور نہو تو خلع نہین ہی بلکہ طلاق علی المال ہی اور خلع حاجت کی وقت درست ہی اور سیر کہ مہر مین مل جاوین اور باقی اوسکی حکم فقہ مین مفصل ہین اور اختلاف ہی کہ خلع فسخ ہی یا طلاق شافعی کی قول قدیم مین اور ابن عمر اور ابن عباس کی قول مین فسخ ہی اور ہماری نزدیک اور شافعی کی قول جدید مین طلاق ہی اور خلاف کا ثمرہ یہ ہی کہ ہماری نزدیک خلع کی بعد طلاق ہوتی ہی اور شافعی کی نزدیک نہین اور دلیل ہر

مین ہی کہ فیما افتدت کی عموم سی دلیل ہو کہ جسقدر پر خلع کیا جاوے مہر کی مقدار ہو
یا اوس سی زیادہ اور بعضون نی کہا کہ زائد مکروہ ہی اور دلیل مکروہ ہونیکی اوسی مفادات کو
صریح خلع جانتا ہی اور کہا ہی کہ خلع فسخ ہی نہ طلاق کیونکہ طلاق دو بار مذکور ہوئی پہر
خلع پہر فرمایا فان طلقها معلوم ہوا کہ خلع غیر محسوب ہی اور نہ چار طلاق ہوتین اور ابن
زبیر ہی وسیر جو بادشاہ کی نزدیک کی سوا خلع جائز نہین

کتاب الظہار

قوله تعالى والذين يظاهرون من نسائهم ثم يعودون لما قالوا
فتحرير رقبة من قبل ان يتماسا ذلكم توعظون به والله بما
تعملون خبير فمن لم يجد فصيام شهرين متتابعين من قبل ان
يتماسا فمن لم يستطع فاطعام ستين مسكينا

اور جو کہ کہتے ہین اپنی عورتون کو پہر وہ چاہتے ہین کام پہیرنا جسکو کہا ہی تو آزاد کرنا ایک بردہ پہلی اس سے
کہ آپس مین ہاتہہ لگاوین اس سے تمکو نصیحت ہو گی اور اللہ خبر رکہتا ہی جو کچہہ کرتے ہو پہر جو کوئی
نہ پاوے تو روزہ دو مہینے کا لگاتار پہلی اس سے کہ آپس مین چہوین پہر جو کوئی نکر سکے تو کہانا
دینا ہی ساٹہہ محتاج کا ف من نسائهم سی معلوم ہوا کہ لونڈی سی ظہار نہین ہوتی
کیونکہ نسا کی معنی ازواج ہین لونڈی ازواج مین نہین ہی اور اس سے یہہ نہین نکلتی کہ جسکو لونڈی نکاح
مین لایا اور ظہار کیا بعد اسکی وسی اجازت کیونکہ ظہار کیوقت جہہ نہتی اس لئی کہ نکاح اذن
ثم يعودون لما قالوا سی مراد ہی کہ توڑتی ہین یا جس چیز کو ظہار مقتضی ہی تو قول
امام کا ہی اور اس مین اختلاف ہی ابو حنیفہ سی روایت ہی کہ استمتاع کو مباح جاننی سی کہ
شہوت سی ہی نقض ہوتا اور شافعی کہتی ہین کہ جو عورت کو ظہار کی بعد
طرف ہو سکتی ہی وہ نقض ہی اور مالک کی نزدیک قصد وطی کا ارادہ

اور رقبة یعنی بردہ عام ہی مومن ہو یا کافر کیونکہ وہ مطلق ہی اور وصف کی حق مین مطلق
اپنی اطلاق پر جاری رہتا ہی اور شافعی خاص کرتی مومن کو کیونکہ قیاس کیا اسکو
قتل کی کفارہ پر اور من قبل ان یتماسا سی معلوم ہوا کہ وطی اور بوسہ اور مساس کفارہ کی پہلی
حرام ہی ہمارا مذہب یہی اور بعضی کہتی ہین کہ فقط وطی حرام ہے اور بوسہ وغیرہ نہین کیونکہ تماس سی مراد
جماع ہی اور رقبہ کی نپانی سی مالک کی دینی یہ مراد کہ نہ بردہ پاوی اور نہ اسکی قیمت کہ اوسکو
مول لیسکی جو بردہ پاوی آزاد کری گو خدمت کی حاجت کہتا ہو اور جو بردہ نہو تو اگر
قیمت پاوی تو مول لیکر آزاد کری گو نفقہ کی حاجت ہے اور اگر قیمت بھی نہ پاوی تو روزہ رکھے
اور شافعی کہتی ہین کہ مراد یہ ہے کہ نہ پاوی بردہ یا اوسکی قیمت فاضل حاجت اصلی جو بردہ پایا
پر خدمت کی حاجت ہے یا قیمت پاوی پر نفقہ کی حاجت ہے اوسکو نہ چاہئی اور ہم
کہتی ہین کہ مراد یہ ہے کہ پاوی بردہ بعینہ خواہ حاجت اصلی سی فاضل ہو یا نہو جو بردہ ہو
گو خدمت کی حاجت ہو آزاد کری یا قیمت ہو تو بردہ مول لیوی اگرچہ گو وہ قیمت حاجت
اصلی سی فاضل ہو بلکہ روزہ رکھی اور اس قول کی تائید ہی کہ بعد اسکی اللہ نے کفارہ کو کہانا کہلانی کی
رکہا اور کہانا کہلانا بدون قدرت کی نہین ہی تا اس سی معلوم ہوا بردہ نپانی سی بعینہ مراد نہ قیمت
اوسکی کیونکہ جو قیمت کا اعتبار ہوتا اور کہلانی الیکو قدرت مقدم ہوتی بجای اطعام کی
شہر اور شہرین ... اور متتابعین سی معلوم ہوا کہ تتابع شرط ہے اور تتابع اوسی کہتی ہین کہ جیسی دو
مہینی ہوویں پانچ دن کہ جسمین روزہ نہین ہوتا نہوا اور انکی درمیان افطار نکری عذر یا بغیر
عذر سی اور جو بغیر عذر افطار کیا بالاتفاق استیناف ہے اور جو بعذر کیا تو ہمارے نزدیک استیناف
ہے اور من قبل ان یتماسا کی یہ معنی ہین کہ روزہ جماع اور بوسہ وغیرہ پر مقدم ہے اور بعضون
فقط جماع پر مقدم کیا معلوم ہوا کہ روزہ دن مین بھی نہو کیونکہ دونون کی روزی کی تقدم

علی المس شرط ہین ف ۲ اور فمن لم یستطع کی یہ معنی ہین کہ اگر صوم کی طاقت نہ رکہی یا
اصل صوم پر قادر ہو پر بسبب پیری یا بیماری تتابع کی طاقت نہین ہی تو واجب ہی کہ ساٹھ مسکین
کو کہلاوی ہر ایک کو نصف صاع گیہون یا ایک صاع جو یا سو کہی اور اطعام کی صورت مین مس
کا نہونا ہمارے نزدیک شرط نہین ہی کیونکہ اس قید سے مطلق ہی مطلق ہی اطلاق پر رہتا ہی
ایک حادثہ مین اور شافعی کی نزدیک شرط ہے اور صاحب کشاف و مدارک نی کہا ہی کہ جو مظاہر کفارہ
باز رہا عورتکو چاہیئی کہ مرافعہ کری اور قاضی کو چاہیئی کہ کفارہ کی لیے جبر کری اور قید اور [illegible]
مین ہی کہ ان آیتون سی بہت مسئلہ معلوم ہوئی ظہار کا حکم اور اوسکا کبیرہ ہونا اور خاص [illegible] ظہار کا رجوع
پر اور کفارہ عود کی صورت مین اور امام مالک نی من نسائہم سی دلیل پکڑی ہی کہ سریہ سی ظہار درست ہی
کیونکہ وہ نسا مین داخل ہی اور بعضون نی ظاہر آیت سی دلیل پکڑی ہی کہ ظہار فقط [illegible]
کہ خاص ہے تشبیہ دی اور فقط ماں کی ساتھ تشبیہ دینی جدات اور محارم رضاعی یا نسبی
اور بعضون نی کہا کہ زوجہ کی ظہار کو حکم نہین کیونکہ مرد کو خاص ہی۔ والذین کی
عموم سی دلیل پکڑی گئی کہ عبد کی بہی ظہار ہوتی ہی اور رد ہی اوس پر جو مجرد ظہار کفارہ
جانتا ہی عود کا اعتبار نہین کرتا

باب اللعان

قولہ تعالی والذین یرمون
ازواجہم ولم یکن لہم شہداء الا انفسہم فشہادة احدہم اربع شہادات
باللہ انہ لمن الصادقین والخامسة ان لعنت اللہ علیہ ان کان
من الکاذبین ویدرؤا عنہا العذاب ان تشہد اربع شہادات باللہ
انہ لمن الکاذبین والخامسة ان غضب اللہ علیہا ان کان من الصادقین ف
اور جو عیب لگاوین اپنی جوروؤنکو اور شاہد نہون انکی پاس سوای جان اپنی [illegible]
جانا ہی تو یون [illegible] اللہ کی نام کی مقرر یہ شخص سچا ہی اور پانچوین بار یہ کہ اللہ کی پہٹکار ہو اوس پر

اگر وہ ہو جھوٹا اور عورت سے ٹلتی ہے مار یون کہ گواہی دے چار گواہی اللہ کی نام سے مقرر وہ شخص
جھوٹا ہے اور پانچوین یہ کہ اللہ کا غضب آوے اس عورت پر اگر وہ شخص سچا ہے ف تفسیر احمدی میں
ہے کہ یہ آیت لعان کی بیان میں ہے اور لعان کا حکم اس طرح پر ہے کہ جو ایک مرد نے اپنی جورو کو عیب لگایا
زنا کا تو اگر دونو شہادت کی اہل ہیں اور عورت لعان چاہتی ہے تو مرد پر واجب ہے کہ لعان
کرے اور جو منکر ہو تو قید رہے اوسوقت تک کہ یا لعان کرے یا آپکو جھٹلاوے جب اپکو جھٹلاوے
تب قذف کی حد اوسپر جاری ہووے اور جب لعان کا ارادہ کرے تو چار مرتبہ کہے کہ جو میں نے
عیب لگایا زنا کا اپنی عورت کو اوسمین قسم ہے خدا کی کہ سچا ہون اور پانچوین مرتبہ کہے
کہ خدا کی لعنت مجھ پر جو جھوٹا ہون اس کہنے سے قذف کی حد اوسپر نہین ہے پھر عورت کو
لعان کرنا ضرور ہے جو انکار کرے تو قید رہے اوسوقت تک کہ یا خاوند کو سچا جانے اسپر
حد زنا کی حد اوسپر ہو گی یا لعان کرے اور لعان میں یہ ہے چار مرتبہ کہے کہ قسم ہے
خدا کی خاوند عیب لگانے میں جھوٹا ہے اور پانچوین مرتبہ کہے کہ جو وہ سچا ہو تو مجھ پر غضب
اللہ کا ہے اس کہنے سے اوسپر حد زنا کی نہین ہے پھر دونو کی درمیان فرقت واقع ہووے
ہے بمجرد دونو کی زفر کی نزدیک اور شافعی کی نزدیک زوج کی لعان سے
اور یہ فرقہ ان دونو اور ابو یوسف اور حسن بن زیاد کی نزدیک فسخ ہے پھر عورت
مرد کو کبھی حلال نہین ہوتی ہے اور ابو حنیفہ اور محمد کی نزدیک قاضی کی جدا کرنے سے
فرقت ہوتی ہے یہ قاضی کی تفریق ایک طلاق بائنہ ہے پھر جو مرد نے آپ کو جھٹلایا
تو حد مارا جاویگا اور عورت پہ تہمت کی اور حد مارا گیا یا عورت نے
زنا کیا اور حد ماری گئی تو نکاح حلال ہے کیونکہ اب لعان کی اہل نہین ہے
اور جو مرد عیب لگاوے اپنی عورت کو کہ یہ لڑکا میرا نہین ہے قاضی تفریق کرے اور

اور لڑکی کا نسب اوسکی ماسی ملا دیوی بشرطیکہ لعان مین جس شی کی تہمت کی ہی اوسکا ذکر کی ہو اور کشاف مین ہی شافعی کا قول کہ مکہ مین مقام اور بیت اللہ کی درمیان لعان چاہیی اور مدینہ مین منبر پر اور بیت المقدس مین مسجد کی اندر اور مشرک کو لعان تخانہ مین لو بیدینکو لعان مسجد مین چاہیی مسجد الحرام کی سوا اور جو زوج اہل شہادت کا نہو یعنی غلام ہو یا کافر یا محدود القذف لعان نہین ہوتا بلکہ بمجرد قذف کے حد ہوتی ہی جو عورت اہل شہادت نہو یعنی لونڈی ہی یا کافر یا محدود القذف یا لڑکی یا دیوانی یا بدکار تو زوج پر نہ لعان ہی نہ حد

ف اکلیل مین ہی اور یدرؤ عنہا العذاب سی معلوم ہوا کہ مرد کی لعان سی عورت پر زنا کی حد واجب ہوتی ہی اور عورت کو ہوسکتا ہی کہ حد کو دفع کری اس کہنے یعنی اشہد باللہ الخ کی اور اسمین ہی اشہد کو احلف وغیرہ سی بدلنا اور عوض غضب کی لعنت لانا جیسا کہ اوپر گذرا ہی نچاہیی اور بعضون نی استدلال کی ہی کہ عورت کی لعان سے مرد کی لعان مقدم چاہیی

باب العدۃ قولہ تعالی والمطلقات

یتربصن بانفسھن ثلثۃ قروء ولا یحل لھن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ارحامھن

ف اور طلاق والی عورتین انتظار کرواوین اپنی تین تین حیض تک ور اونکو حلال نہین کہ چھپا رکھین جو پیدا کیا اللہ نے اونکی پیٹ مین **ف** تفسیر احمدی مین ہی کہ مطلقہ وہ مطلقہ مراد ہین کہ حرہ ہون اور حیض اونکو آتا ہو اور مدخولہ ہون کیونکہ لونڈی کی عدت فقط دو حیض اور جنکو حیض نہین آتا یعنی صغیرہ یا آیسہ اونکی عدت تین مہینی ہین اور جو مدخولہ نہون انپر عدت نہین ہی اگرچہ مطلقات کی تخصیص ہی جیسا ہدایہ مین ہی جو فرقت کہ بغیر طلاق کی ہوتی ہی اوسکو بھی مثل مطلقات کی کہا ہی علت کی تخصیص عدت سی غرض یہ ہی کہ رحم کی برأت معلوم ہو جیسے حیض ہی ہوتی اور تفقہ اور نفقہ کی خاص ہی یہ کی لی گئی ہی مین نہین طلاق کی شروع ہی طہر مین جو ایک ہی طہر مین ہو

تو اگر اس طہر کو عدہ میں حساب کریں جیسے کہ شافعی کرتے ہیں تو عدہ کچھ اوپر دو قرء ہوتے ہیں اور اگر حساب نکریں تو کچھ اوپر تین ہیں و نصوص میں خاص کا عمل جاتا ہے اور جب قرء حیض مراد لیں تو طلاق ہو طہر میں تو عدت تین حیض رہتی ہے کم نہ زیادہ اور تکمیل میں کہ ان سے معلوم ہوا کہ مطلقات کو خواہ رجعی سے ہو یا بائنہ سے بشرط دخول کی عدت واجب ہے اور مستحاضہ بھی داخل ہے عموم میں ابو الفرس نے کہا کہ میرے نزدیک لا یحل لہن الآیۃ عام ہے مستحبات فرج کو بکارت ہو یا ثیوبہ یا عیب ہو کیونکہ اس کو ان کی ارحام میں اللہ نے پیدا کیا **فصل** بیوہ کی عدت کا بیان ہے **قولہ تعالیٰ**

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ **ت**

اور جو لوگ مرجاویں تم میں اور چھوڑ جاویں عورتیں وہ انتظار کروا دیں اپنے تئیں چار مہینے اور دس دن پھر جب تمام کر چکیں اپنی عدت کو تو تم پر نہیں گناہ جو وہ اپنے حق میں کریں موافق دستور کے اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے **ف** تفسیر احمدی میں ہے کہ کتب اصول میں ہے کہ آیۃ اولات الاحمال اجلہن ان یضعن حملہن مقتضی ہے کہ عدت حاملہ کی وضع حمل سے ہے بیوہ ہو یا مطلقہ اور یہ مقتضی ہے کہ بیوہ کی عدت چار مہینے دس دن خواہ حاملہ ہو خواہ غیر حاملہ اور جو حاملہ کہ غیر بیوہ کی ہے وہ بھی عدت وضع تک ہے اور بیوہ غیر حاملہ کی عدت چار مہینے دس دن ہر حاملہ بیوہ کی [illegible] ابن مسعود کا مذہب ہے کہ سورۂ طلاق کی آیۃ بعد آیۃ سورۂ بقرہ کی اتری [illegible] بیوہ حاملہ ہو تو عدت اسکی وضع تک ہے اس سے جانا گیا کہ یہ آیۃ منسوخ ہے آیۃ طلاق سے

شوہر کی چھوڑی ہوئی عورتوں کی عدت کے بیان میں

بقدر شمول ہووے اونکی اور علیؓ اور ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ وہ عدت ان میں سے بعید ترین مدت رہوے
یا تو بچہ جننے تک یا چار مہینے اور دس راتوں تک جو کوئی ان میں سے زیادہ ہو چار مہینے دس راتیں ہیں
اور جو بعید ہو وضع حمل عدت ہے تاکہ دونوں آیتوں کا عمل ہووے عموم لفظ
کی وجہ سے اور امت کی عدت برابر ہے لونڈی غیر حاملہ کی دو مہینے پانچ راتیں ان دونوں کی
اور ہدایہ میں ہے کہ عمرؓ فرماتے ہیں کہ جو عورت نے وضع کیا اور خاوند جنازہ پر تھا بعد عدت
ہو چکی اسکی اور اسکی ساتھ شادی درست ہے اور یہ مدت اس لیے ہے کہ لڑکا چار مہینے میں
پورا ہوتا ہے کہ حمل میں آتا ہے اور دس دن زیادہ کیے تو لڑکا ظاہر ہو اور
مسئلہ اور کتاب اس عدت میں ہمارے نزدیک برابر ہے اور جیسے یہ آیہ طلاق کی آیتوں کے بعد
نزول آیتوں کی ناسخ ہے ویسے ہی آیہ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیة
لازواجہم متاعا الی الحول غیر اخراج کی ناسخ ہے کیونکہ یہ مقتضی ہے کہ ایک سال
تک شادی نہ کرے اور نفقہ اسکی لیے وصیت ہے اور جب ہی سال کی عدت اور نفقہ منسوخ ہے
ہوئے کہ تلاوت میں مقدم ہے نزول میں مؤخر اور نفقہ کی وصیت آیہ میراث سے کہ عورتوں کو
جو چوتھائی یا آٹھواں حصہ کی وارث ہوا اور آٹھواں حصہ جب ملے ہوا اسکی لیے ہی رہی یہ کہ
ثابت نہیں ہے ف ۲ قولہ تعالیٰ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ
مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ
سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا
وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ

اور گناہ نہیں تم پر جو پردہ دیکر کہو پیغام نکاح کا ان عورتوں کے لیے یا چھپا رکھو اپنے دل میں
جانتا ہے اللہ کہ تم البتہ انکا ذکر کرو گے لیکن نہ وعدہ کرو انسے چھپ کر مگر یہ کہ کہو بات دستور کی

جسکا رواج تھی اور نہ پابند ہو کر نکاح کی جبتک بیچ چلی حکم اللہ کا **ف**
تفسیر احمدیہ میں ہے کہ یہ خلاف ہے کہ حکم ہر معتدہ کو ہے یا خاص ہی بیوہ کو فقہا کی کلام سی عام
معلوم ہوتا ہے اور بعضا وہن سرا ہیں لفظ سر کی اوس سی نہ جماع مطلقہ کہ بعد
تکلمہ میں قادر ہون الجماع پر یا کامل ہون مرد ہیں یا مراد اوس سی نکاح ہی مطلقہ
کہ عدہ میں صریح نکاح کا مذکور نکرو اور قول معروف سے تعریض مراد ہے اور تعریض اوسی کہتی ہیں
کہ ایسی بات کہیں کہ دوسری بات پر دلالت کری جیسی کہی کہ تیری ساتھ شادی کا ارادہ
رکھتا ہون اور ابن عباس سی ہی کہ قول معروف یہ ہے کہ دستور موافق ہون اسپر کہ
دوسرے ہی نکاح نکرین **قوله تعالى** وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ
اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ
فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ
مَّعْرُوْفٍ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ **ت** جو تم میں مرجاوین اور چھوڑجاوین
عورتیں وصیت کر دینا ہی عورتونکی واسطی خرچ دینا ایک برس نکال دینا پھر اگر
وہ نکل جاوین تو گناہ نہیں تم پر جو کچھ کرین اپنی حق میں دستور کی بات اور اللہ زبردست
ہی حکمت والا **ف** موضح القرآن میں ہی کہ یہ حکم جب تھا کہ مردی کی اختیار پر تھا
وارثونکو دلوانا اب جو سب کی حصہ اللہ صاحب نی ٹھرادی عورتکا بھی ٹھرادیا
اب مردیکا دلوانا موقوف ہوا اور تفسیر احمدیہ میں ہے کہ اس آیہ میں پہلی بیان
کی نفقہ کا دوسرا بیان اوسکی سکنی کا اور ابتداء اسلام میں یہی تھا پر عدت کا حکم
آیہ یتربصن بانفسھن اربعة اشھر وعشرا سی اور سال کی نفقہ کا حکم آیہ
میراث سی منسوخ ہوا اب بیوہ کو عدت میں نفقہ ہی اور نہ سکنی اس سی جانا ہے کہ ونکو یا تھوڑی تیں اگو

رہنکی نفقہ کی تلاش مین صبح گہرسی نکلی اور رات کو وہین رہی بخلاف مطلقہ کی کہ
تمامیتن اوسکا نفقہ زوج پر واجب ہے اوسکو گہرسی نکلنا بالکل حرام ہی ف

فصل غیر مدخولہ کی عدت ہونیکا بیان ہے **قولہ تعالی** یا ایہا الذین
آمنوا اذا نکحتم المؤمنات ثم طلقتموهن من قبل ان تمسوهن
فما لكم عليهن من عدة تعتدونها فمتعوهن وسرحوهن سراحا
جميلا **ف** اى ایمان والو جب تم نکاح کرو مسلمان عورتونکو پہر اونکو چہوڑ
دو پہلی اس سی کہ ہاتہ لگاؤ سو اونپر حق نہین تمہارا عدت مین بٹہانا کہ گنتی پوری کرو
سو اونکو دو کچہ فائدہ اور رخصت کرو بہلی طرح سے **ف** تفسیر احمدی مین ہے
کہ نکاح لغت مین وطی کو کہتی ہین پر قرآن مین اکثر مقام مین جہان نکاح واقع ہی عقد مراد ہے
تصریح کی ہی کشاف اور مدارک نے اور حکم عام ہے ہدایہ کتابیہ پر سو مسلمانات کی
ذکر کیا اسلئے کہ مومن کو مومنہ سی نکاح اولی ہی اور نفس پوچہا گیا کہ جو نکاح کے
بعد توقف کرکی طلاق دی مساس نہین کیا تو عدت نہین اور مساس شافعی کی نزدیک
فقط مباشرت کو کہتی ہین اسی سبب سے اونکی نزدیک خلوت صحیحہ سی عدت واجب نہین ہوتی اور ہمارے
نزدیک عام ہی جو خلوت صحیحہ کی بعد طلاق ہو گو مباشرت نہو عدت واجب ہے اور متعہ
فائدہ کو کہتی ہین اور اصطلاح مین قطعی اوڑہنی اور چادر کو کہتی ہین اس آیہ کو جو
معنی مصطلح مراد ہون تو غیر مدخولہ سی وہ مراد ہے کہ جسکا مہر مقرر نہو اس صورت مین امر
وجوب کی لئی ہی اور جو معنی لغوی مراد ہون تو غیر مدخولہ سی وہ مراد ہی کہ جسکا
مہر مقرر ہو یعنی فائدہ دو اونکو نصف مہر کا اور مردون کی طرف عدت کی اضافہ
معلوم ہوا کہ عدت حق اونہین کا ہی **فصل** آیسہ و حاملہ کی عدتکا بیان ہی

قوله تعالیٰ وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِن نِّسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَن يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ف اور جو عورتین ناامید ہوئی ہین حیض سی تمہاری عورتون مین اگر تمکو شبہہ رہگیا تو اونکی عدت ہی تین مہینی اور ایسی ہی جنکو حیض نہین آیا اور جنکی پیٹ مین بچہ ہی انکی عدت یہ کہ جن لین پیٹ کا بچہ ف تفسیر احمدی مین ہی کہ اس آیت مین شبہہ ہونی سی مراد عدت کا بیان نہ پانا ہی کیونکہ صحیح یہی ہی کہ جو آدمی اونکی بین بین ہی یعنی حیض سی رکتی سا شبہہ کہتی ہین اور صحیح یہ ہی کہ جو نابالغ ہونیسی اوسکا حیض نہ آتا اور دوسری یہ کہ بچپن کی سبب حیض آیا ہو یہ شامل ہی دو صورتونکو ایک یہ کہ وہ بالغہ نہو دوسری یہ کہ بالغہ ہو سن یاس حیض ہی اس صورت مین عدت تین مہینی ہی اور من نسائکم سی معلوم ہوا کہ یہ حکم حرہ کا ہی جو لونڈی ہو خواہ آئسہ یا صغیرہ اوسکی عدت ڈیڑھ مہینا ہی کیونکہ لونڈیکا حق آدہا حرہ کی حق سی ہی اور یہان تجزی ہو سکتی ہی تو اوسیر عمل ہوا اور تیسری حاملہ اوسکی یہ عدت کہ بچہ پیدا ہو وہ حاملہ حرہ ہو یا لونڈی مطلقہ ہو یا بیوہ کیونکہ یہ آیہ والذین یتوفون منکم الآیہ کی بعد اوتری ہی اور زاہدی مین ہی کہ مطلقہ کی عدت خاص ہی اوسی کو جو مدخولہ ہو اور بیوہ کی عدت عام ہی حیض والی ہو یا آئسہ یا صغیرہ یا مدخولہ یا غیر مدخولہ اور حامل کی عدت عام تر ہی خواہ حائض ہو یا صغیرہ یا آئسہ یا مدخولہ یا غیر مدخولہ اور مطلقہ ہو یا بیوہ ف

باب النسب والحضانة

قوله تعالیٰ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ ف پکارو لی پالکونکو اونکی باپ کا کر یہی پورا انصاف ہی اللہ کی ہان ف تفسیر احمدی مین ہی کہ اس سی معلوم ہوا کہ متبنّی حقیقت مین بیٹا نہین ہی اوسکی عورت حرام

نہیں ہوتی اور اوسکا نفقہ واجب نہیں اور ترکہ نہیں ملتا جو اسنے مانا نہیں کوئی کسیکو بیٹا کرقائم مقام اپنا کر کے وارث کرتا ہی یہ حقیقت میں ارث کا طریق نہیں ہی بلکہ ہبہ کا طریق ہی جو کسینی دعوی کیا کہ مثلاً زید میرا بیٹا ہی اور زید مجہول النسب ہی ہی اور اس سے چھوٹا تو نسب ثابت ہوگا اور جو مجہول النسب ہو یا چھوٹا ہو تو نسب ثابت نہیں ہوتا اور جو ایک غلام کو کہ بڑا ہے چھوٹا اپنے کہا کہ میرا بیٹا وہ بالاتفاق آزاد ہوتا ہے اور جو بڑا ہے تو ابو حنیفہ کی نزدیک آزاد ہے اور صاحبین کی نزدیک نہیں **قوله تعالى** وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ **ف** اور لڑکی والی پر ہی کہانا اور پہنا اونکا دستور کے موافق تفسیر احمدیہ میں ہی کہ اس سے معلوم ہوا کہ نسب باپ کی طرف ثابت ہوتا ہے **قوله تعالى** وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ **ف** اور لڑکی والیاں دودھ پلاویں اپنی لڑکوں کو **ف** اکلیل میں ہی کہ اس سے معلوم ہوا کہ ماں زیادہ حقدار ہی حضانت کی لئے کیونکہ جس طرح کی لڑکی کو مرضعہ کی حاجت ہوتی ہے ویسی ہی حضانت والی کی

باب النفقة والكسوة

قوله تعالى وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَلِكَ **ف** اور لڑکی والی پر ہی کہانا اور پہنا اونکا موافق دستور کی تکلیف نہیں کسی شخص کو مگر جو اوسکی گنجائش ہی نہ ضرر چاہیے ماں اپنی اولاد کا اور نہ لڑکی والا اپنی اولاد کا اور وارث پر بہی یہی ذمہ ہی **ف** تفسیر احمدیہ میں ہے کہ جو نفقہ اور کسوت عورت کا مرد پر اس واسطے ہی کہ وہ اوسکی زوجہ ہی تو والدات سے عام مراد ہی مطلقہ معتدہ ہو یا غیر مطلقہ اس صورت میں بیان ہی کہ زوجہ کا نفقہ اوسکے مرد پر واجب ہی بغیر اسراف اور کمی کی **ف** [illegible]

احمدی

بحث مین ذکر کیا ہی کہ علی المولود له مین اشارہ ہی کہ لڑکی مال مین باپ کو اختیار ہی اور لڑکی کا نفقہ فقط باپ پر ہی کوئی اور شریک نہین اور اشارہ ہی کہ جو لڑکا غنی ہو اور باپ محتاج تو باپ کا نفقہ لڑکی پر خاص ہی ورزق ھن وکسوتھن مین اشارہ ہی کہ رضا کی مزدوری تعین اور تعلیم کی حاجت نہین جیسا کہ ابو حنیفہ نی کہا ہی لا تضار والدة بولدها سی یہ مراد ہی کہ لڑکو کی ما رزق اور کسوة زوج کی مقدور سی زیادہ نہ طلب کری یا جب لڑکا اوس سی الفت ہو تو زوج سی نکہی کہ اور دایہ مقرر کرو لڑکی کا باپ اوسکی ما کو ضرر دی رزق اور کسوة کی کمی سی یا جب لڑکا ما سی مانوس ہو تو اوس ما کو نہ چہوڑا دی اور وعلی الوارث مثل ذلک سی یہ مراد ہی کہ جسطرح باپ پر مرضعہ کا رزق اور کسوة واجب ہی ویسی ہی وارث پر **ق قوله تعالی** فات ذا القربی حقه والمسکین وابن السبیل **ط** ت سو دی نا والونکا حق اور محتاجونکو اور راہ کی مسافر کو **ف** تفسیر احمدیہ مین ہی کشاف اور مدارک سی کہ اس دلیل سی ذوی الارحام کا نفقہ واجب ہی جیسا کہ ہمارا مذہب ہی **قوله تعالی** وصاحبهما فی الدنیا معروفا **ت** اور ساتھ دی اونکا دنیا مین دستور سی **ف** تفسیر احمدیہ مین ہی پر لکہا ہی کہ ما باپ دادی دادا کا نفقہ جب فقیر ہون واجب ہی گو کافر ہون کیونکہ یہ آیہ اون ما باپ کی حق مین وارد ہی جو کافر ہین اور پوشیدہ نہین ہی کہ آپ ناز و نعمت مین ہو اور ما باپ بہوک سی مرین اور دادی دادا ما باپ کے حکم مین ہین اور یہی آیہ دلیل ہی کہ جو بیٹا باپ مشرک کو نہ چہوڑی پہلی ہی مار ڈالی رجوبا اوسکی ارثکا قصد کری اور اوسکو کوئی بچا دی تو باپ کا مارنا مضایقہ نہین کیونکہ بیٹا اوس سی دفع ہی نہ قاصد **فصل** متعلقہ نفقہ وغیرہ کا بیان ہی **قوله تعالی** اسکنوهن من حیث سکنتم

کم ولا تضاروهن لتضيقوا عليهن وان كن اولات حمل فانفقوا عليهن حتى
يضعن حملهن فان ارضعن لكم فاتوهن اجورهن واتمروا بينكم بمعروف
وان تعاسرتم فسترضع له اخرى لينفق ذو سعة من سعته ومن قدر
عليه رزقه فلينفق مما اتيه الله لا يكلف الله نفسا الا ما اتيها سيجعل
